☆

S.S.C - (Part-I)-A-2022

Roll No.________ امیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

گروپ-I

Paper Code | 5 | 0 | 2 | 1

RWP-G1-22

# اُردو لازمی (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ترکش سے فال کے تیر کس نے نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟
(A) ابولہب (B) ابوجہل (C) سراقہ بن جعشم (D) عامر بن فہیرہ

2. والد صاحب قبلہ خوش تھے بیٹا کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان:
(A) کاٹے گا (B) کھینچے گا (C) مروڑے گا (D) کترے گا

3. سلیم اور علی بخش دونوں کی آنکھوں میں ایک دیہاتی کے لیے چمک تھی:
(A) مذاق کی (B) محبت کی (C) حقیقت کی (D) نفرت کی

4. خواجہ حیدر علی آتش کا شاگرد کہاں جا رہا تھا:
(A) بنارس (B) دہلی (C) لکھنؤ (D) کلکتہ

5. حضرت بی نے سلیم کو دی:
(A) سزا (B) ٹافی (C) گالی (D) مٹھائی

6. سبق "پنچایت" میں الگو چودھری سے بیل کس نے خریدا؟
(A) جمن نے (B) سمجھو سیٹھ نے (C) بوڑھی خالہ نے (D) شیخ جمراتی نے

7. اختر کو دھکے دے کر کون باہر نکالنے لگتا ہے؟
(A) بابا (B) تجمل (C) نیازی (D) رؤف

8. امیر مینائی نے "نعت" میں بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے؟
(A) پھول کو (B) صحابہ کو
(C) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (D) بزرگانِ دین کو

9. بحوالہ نظم "برسات کی بہاریں" بادل مست ہو کر چھا رہے ہیں:
(A) سمندر پر (B) پہاڑ کے اوپر (C) ہوا کے اوپر (D) دریا پر

10. "دانا" کا مترادف ہے:
(A) مباح (B) عاقل (C) آثار (D) خوشی

11. "اصغر" کی جمع ہے:
(A) اصاغر (B) اصغائر (C) صواغر (D) صغائر

12. "رقم" کی جمع الجمع ہے:
(A) ارقوم (B) رقومات (C) رقوم (D) رواقم

13. "تقدیم" کا متضاد ہے:
(A) قرب (B) تاخیر (C) رنج (D) نفاق

14. "گھسیارا" کی مؤنث ہے:
(A) کسیاران (B) کھسیاران (C) گھسیارن (D) گھسیارون

15. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرے کہلاتا ہے:
(A) ردیف (B) قافیہ (C) مطلع (D) مقطع



www.taleem360.com

S.S.C -(Part-I) -A-2022

**(For all sessions)**

**Roll No.** ____________ (امیدوار خود پُر کرے)

R

RWP-G1-22

# اُردو لازمی (انشائی) گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے | نمبر: 60

**2.** درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (حصہ نظم سے تین جبکہ حصہ غزل سے دو اشعار) — 10

**(حصہ نظم)**

i. آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

ii. جو بے داغ لالہ، جو بے خار گُل ہے — وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

iii. سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iv. ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

**(حصہ غزل)**

i. آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بو کباب کی سی ہے

ii. مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

iii. بُلبُل کو باغباں سے نہ صیاد سے گِلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

**3.** درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ — 10

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کی دلی قوی کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔ پس ہر ایک انسان پر لازم ہے کہ اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھنے کی کوشش میں رہے۔

(ب) ایک مقنن ایک اُصول قائم کرتا ہے، دوسرا اُس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں، میں نے اپنے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ اِدھر اُدھر نگاہ بھی دوڑائی، مگر گارڈ صاحب میری حالت کو کچھ ایسا تاڑ گئے تھے کہ ہر وقت بلائے ناگہانی کی طرح سر پر ہی کھڑے رہتے تھے۔

**4.** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ — 10

i. اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟

ii. علامہ اقبال نے کونسی دو زبانوں میں زیادہ شاعری کی؟

iii. میر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا ہے؟

iv. حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

v. روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

vi. سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام کیا تھا؟

vii. مرزا فرحت اللہ بیگ ابتدا میں کس قلمی نام سے لکھتے رہے؟

viii. بُلبُل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

**5.** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے (i.) پنچایت (ii.) آرام و سکون — 05

**6.** کتاب میں دی گئی نظم "حمد" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ — 05

**7.** والدہ صاحبہ کے نام خط لکھیں جس میں موسمِ گرما کی تعطیلات کا ذکر ہو **یا** محلہ کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے۔ — 10

**8.** ایک کہانی لکھیے جس کا عنوان ہو "ایسے کو تیسا" **یا** مہنگائی کے موضوع پر دکاندار اور گاہک کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ — 05

**9.** درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ — 05

i. علی نے خط کو لکھا۔ ii. اختر نے طالب علم پڑھایا۔ iii. تم نے کیلا کو کھایا۔ iv. لڑکوں نے کرکٹ کو کھیلا۔ v. عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال، محاورات کی تکمیل کریں۔

i. آپ آئے---- ii. بلی کے بھاگوں---- iii. تخم تاثیر---- iv. بوڑھی گھوڑی لال---- v. ہتھیلی پر سرسوں----

206-09-S-78840

www.taleem360.com

☆

S.S.C - (Part-I)-A-2022

Roll No. ______ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

گروپ-II

RWPG2-22

# اُردو لازمی (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیۓ گئے A ،B ،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. کسی شخص کے دل کو پڑا نہیں رہنا چاہیے:

(A) مصروف (B) فکرمند (C) بے کار (D) غمگین

2. " اُس زلف پہ پھبتی شبِ دیجور کی سوجھی " شاعر کا مصرع ہے:

(A) انشا (B) جرأت (C) درد (D) میر

3. ماسٹر صاحب نے فرمائش کی:

(A) کارن فلیکس (B) لسی (C) چائے (D) کافی

4. چھوٹا بھائی امتحان کی تیاری کے لیے جاتا تھا (سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو "):

(A) دوست کے گھر (B) رشتہ دار کے گھر (C) پڑوسی کے گھر (D) ہم جماعت کے گھر

5. جمن نے خالہ سے زمین اپنے نام کرالی تھی:

(A) خواب دکھا کر (B) سبز باغ دکھا کر (C) سنہری باغ دکھا کر (D) رعب دکھا کر

6. کوّے خیال نہیں رکھتے:

(A) فکرِ معاش کا (B) توہین کا (C) بارش کا (D) حفظانِ صحت کے اصول کا

7. بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا:

(A) رتی برابر (B) ذرہ برابر (C) بالکل (D) معمولی

8. بادل جھڑیوں کی مستی سے مچا رہے ہیں:

(A) جل تھل (B) شور (C) دھومیں (D) ہلچل

9. کملی میں مگن رہتا ہے:

(A) مجرم (B) محرم (C) نامحرم (D) گدا

10. شاعر نے محبوب کے ہونٹوں کو تشبیہ دی ہے:

(A) چنبیلی سے (B) چاند سے (C) سورج سے (D) گلاب سے

11. " بندی " کا مذکر ہے:

(A) ملازم (B) بندہ (C) نوکر (D) غلام

12. " رنڈوا " کی مؤنث ہے:

(A) رنڈوی (B) رنڈ (C) رانڈ (D) رانڈہ

13. " ذخیرہ " کی جمع ہے:

(A) ذخائر (B) ذخار (C) اذخار (D) خزائر

14. " اصناف " کا واحد ہے:

(A) وصف (B) اوصاف (C) صنف (D) صنفا

15. " قوت " کا متضاد ہے:

(A) کمزور (B) رنج (C) اقلیت (D) ضعف

R

S.S.C -(Part-I) -A-2022

**(For all sessions)**

Roll No.______ اُمیدوار خود پُر کرے

# اُردو لازمی (انشائی)

گروپ-II

RwP-G2-22

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو ۔۔۔ جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

ii. یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا ۔۔۔ مکاں میں بھی تُو، لا مکاں میں بھی تُو ہے

iii. پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ۔۔۔ گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv. مِلّت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ ۔۔۔ پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ

(حصہ غزل)

i. کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر ۔۔۔ میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

ii. دِلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے ۔۔۔ آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

iii. عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دِن ۔۔۔ دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) بعض اوقات بظاہر سوئی ہوئی بلی اِدھر اُدھر دیکھ کر چپکے سے باہر نکل جاتی ہے۔ اُس سے باز پُرس کی جائے تو خفا ہو جاتی ہے۔ بلی کی جگہ کوئی بھی ہو خفا ہو جائے گا۔ ایک ہی گھر میں سالہا سال گزارنے کے باوجود انسان اور بلی اجنبی رہتے ہیں۔ زندگی کتنی عجیب ہے۔

(ب) ابوجہل نے کہا ہر قبیلے سے ایک شخص انتخاب ہو اور پورا مجمع ایک ساتھ مل کر تلواروں سے ان کا خاتمہ کر دے۔ اس صورت میں ان کا خون تمام قبائل میں بٹ جائے گا اور آلِ ہاشم اکیلے تمام قبائل کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔ اس اخیر رائے پر اتفاق ہو گیا۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

i. سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟

ii. الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

iii. تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟

iv. کوّا گرامر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟

v. دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟

vi. کس کا حق سب سے مقدم ہے؟

vii. امیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہے؟

viii. درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i.) پنچایت (ii.) لہو اور قالین 05

6. کتاب میں دی گئی نظم "پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7. اپنی بہن کے نام ایک خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ **یا** پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاکیے کی شکایت کیجیے۔ 10

8. "گیدڑ کی مکاری" کے موضوع پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** تاریخِ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

i. تم نے حج کرنا ہے۔ ii. بلال نے لاہور جانا ہے۔ iii. لڑکوں نے کرکٹ کو کھیلا۔ iv. کمر کو باندھے ہُوئے سب یار بیٹھے ہیں۔ v. اسلم نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال، محاورات کی تکمیل کیجیے۔

i. باسی کڑھی میں ---- ii. قاضی کے گھر کے ---- iii. طویلے کی بلا ------ iv. دل کو دل سے ---- v. آبرو خاک میں ------



www.taleem360.com